سوال

(934) حضرت عیسیٰ اور امام مہدی میں سے پہلے کون آئیں گے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام یا امام مہدی دونوں میں سے کون پہلے آئے گا اور حدیث نبوی میں اس بارے میں کیا ارشاد ہے؟ (ساجد حفیظ، لاہور) (۸جون ۱۹۹۰ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ مسئلہ مہدی پر تفصیلی بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

’وَأَظُنُّ ظهوره قَبْلَ نزول عيسى بن مريم كَمَا دَلت على ذالک الاحاديث‘

’’یعنی میرا خیال ہے مہدی کا ظہور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام سے پہلے ہوگا، جس طرح کہ کئی ایک احادیث اس بات پر دال ہیں۔‘‘ (بسط و تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، النہایة ، ص:۲۷،تا۳۳، اور عون المعبود، ج:۴، ص:۱۷۰)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، متفرقات: صفحہ:643

محدث فتویٰ